
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 7 مئی 2025

## پاکستان میں عید کے لیے نئے کرنسی نوٹ نکلوانے کا رجحان کم: اس سال عید کے موقع پر عیدی دینے کا دعویٰ کرنے والے پاکستانیوں کی صرف 5% شرح نے عیدی کیلئے نئے کرنسی نوٹ نکلوانے کی اطلاع دی۔ نئے کرنسی نکلوانے والے افراد کی 68% شرح نے نئے کرنسی نوٹ نکلوانے کے عمل کو آسان پایا ۔




کیا اس سال عید الفطر کے موقع پر آپ نے نئے کرنسی نوٹ نکلوائے ؟



Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**تہوار اور واقعات**

**عیدالفطر**

عید کی روایات اور سماجی رویے کے حوالے سے جاری ہونے والی 9 پریس ریلیز

## پاکستان میں عید کے لیے نئے کرنسی نوٹ نکلوانے کا رجحان کم: اس سال عید کے موقع پر عیدی دینے کا دعویٰ کرنے والے پاکستانیوں کی صرف 5% شرح نے عیدی کیلئے نئے کرنسی نوٹ نکلوانے کی اطلاع دی۔ نئے کرنسی نکلوانے والے افراد کی 68% شرح نے نئے کرنسی نوٹ نکلوانے کے عمل کو آسان پایا۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)،**

(اسلام آباد)، 07 مئی 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، اس سال عید کے موقع پر عیدی دینے کا دعویٰ کرنے والے پاکستانیوں کی صرف 5% شرح نے عیدی کیلئے نئے کرنسی نکلوانے کی اطلاع دی۔ نئے کرنسی نکلوانے والے افراد کی 68% شرح نے نئے کرنسی نوٹ نکلوانے کے عمل کو آسان پایا۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے عید کی روایات اور سماجی رویے کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس سیریز کی پچھلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" کیا اس سال عید الفطر کے موقع پر آپ نے نئے کرنسی نوٹ نکلوائے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں 5% جواب دہندگان کے مطابق "ہاں" اس سال عیدالفطر کے موقع پر اُنہوں نے نئے کرنسی نوٹ نکلوائے ہیں، جبکہ 94% جواب دہندگان کے مطابق "نہیں" اس سال عیدالفطر کے موقع پر اُنہوں نے نئے کرنسی نوٹ نہیں نکلوائے ہیں، تاہم 1% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" کیا اس سال عیدالفطر کے موقع پر آپ نے نئے کرنسی نوٹ نکلوائے ؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1038 خواتین اور مرد حضرات سے 11th اپریل تا 18th اپریل 2025 کے درمیان کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات جنہوں نے اس سال عید کے موقع پر نئے کرنسی نوٹ نکلوانے کا دعویٰ کیا سے مزید یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے لیے عید کے موقع پر نئے کرنسی نوٹ حاصل کرنا کتنا آسان تھا؟**"۔اس سوال کے جواب میں 47% جوابدہندگان کے مطابق عید کے موقع پر نئے کرنسی نوٹ حاصل کرنا ''بہت آسان'' تھا، 21% جوابدہندگان کے مطابق ''کسی حد تک آسان''، 7% جوابدہندگان کے مطابق ''کسی حد تک مشکل''، جبکہ 17% جوابدہندگان کے مطابق عید کے موقع پر نئے کرنسی نوٹ حاصل کرنا ''بہت مشکل'' تھا، تاہم 8% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے لیے عید کے موقع پر نئے کرنسی نوٹ حاصل کرنا کتنا آسان تھا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

# عید کی روایات اور سماجی رویے پر 2025 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2025 میں پاکستان میں عید کی روایات اور اس پر سماجی رویے پر گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1** : عید کے کپڑے – https://gallup.com.pk/post/38414

**پریس ریلیز 2** : عام مارکیٹوں/بازاروں میں عید کی خرید وفروخت کی سرگرمیاں – https://gallup.com.pk/post/38421

**پریس ریلیز 3** : عید کے موقع پر آن لائن خریداری – https://gallup.com.pk/post/38439

**پریس ریلیز 4** : عید کے موقع پر بچوں کو عیدی دینے والے پاکستانیوں کی تعداد – https://gallup.com.pk/post/38460

**پریس ریلیز 5** : عیدی دی جانے والے بچوں کی اوسط تعداد – https://gallup.com.pk/post/38474

**پریس ریلیز 6** : ہر بچے کو دی جانے والی عیدی کی اوسط رقم – https://gallup.com.pk/post/38477

**پریس ریلیز 7** : اس عید پر دی جانے والی عیدی کی کل رقم – https://gallup.com.pk/post/38489

**پریس ریلیز 8** : عید پر بچوں کو ملنے والی عیدی: اُن کو دی جاتی ہے یا واپس لے لی جاتی ہے؟ – https://gallup.com.pk/post/38492

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

## Wednesday, 7th May 2025

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)